## حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی قربانیاں نا قابل فراموش ہیں جوتحریکی جدو جہد کی وہ تاریخ کا حصہ بن چکی ہیں۔الطاف حسین

## حسن مثنیٰ علوی جیسی شخصیتیں کم ہی ہوا کرتی ہیں۔حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے سوئم کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔30/جولائی2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے بزرگ رہنمااورتحریک پاکستان کے کارکن سیدحسن مثنیٰ علوی مرحوم کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہاہے کہ حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی قربانیاں نا قابل فراموش ہیں جوتحریکی جدوجہد کی تاریخ کا حصہ بن چکی ہیں۔انہوں نے یہ بات آج حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے سوئم کے اجتماع سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع میں ایم کیوایم کے رہنماؤں، ذمہ داروں، منتخب حق پرست نمائندوں، کارکنوں اور ہمدردوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حسن مثنیٰ علوی مرحوم نے حق پرستانہ جدوجہد میں صرف کئے۔وہ موسموں اورحالات کی پرواہ کئے بغیر ہر لمحے شانہ بشانہ ہمارے ساتھ رہتے تھے مگرآج وہ ہمارے درمیان موجودنہیں ہیں۔حسن مثنیٰ علوی مرحوم نہ صرف رابطہ کمیٹی اورقومی اسمبلی کے رکن رہے بلکہ جب ایم کیوایم کے خلاف ریاستی آپریشن کے دوران نوجوانوں کا گھروں میں رہنا ناممکن بنادیا گیااورنائن زیروکوبندکرناپڑاتو حسن مثنیٰ علوی مرحوم اس ٹیم کے ممبربھی رہے جنھوں نے نائن زیروکوکھولااورتنظیمی ذمہ داریاں سنبھالیں۔نائن زیروپر باربار چھاپے پڑے، چاروں طرف ریاستی اداروں کے اہلکار ہرہرلمحے موجودرہتے تھے اورریاستی اداروں کی گاڑیاں چکرلگاتی تھیں لیکن حسن مثنیٰ علوی مرحوم نے تمام ترجبراورسختیاں جھیلیں اورثابت قدمی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھاتے رہے۔تحریک کا ساتھ دینے کی پاداش میں انہوں نے قیدوبندکی صعوبتیں برداشت کیں۔انہوں نے تحریک کیلئے جوقربانیاں دی ہیں وہ نا قابل فراموش ہیں جوتحریکی جدوجہد کی تاریخ کا حصہ بن چکی ہیں اورانہیں جتنا خراج عقیدت پیش کیا جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے حسن مثنیٰ علوی مرحوم کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ذات میں انجمن تھے،حسن واخلاق کا پیکر تھے،وہ نوجوانوں میں بیٹھتے تو نوجوان ہوتے،بزرگوں میں بیٹھتے تو بزرگ ہوتے اوراگر بچوں میں بیٹھتے تو بچے بن جاتے۔انکے انتقال کی خبرجس جس تک پہنچی اسے صدمہ اورہوااوراسکے منہ سے بے اختیارکلمہ شہادت اوردعائے مغفرت کے الفاظ نکلے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حسن مثنیٰ علوی جیسے خوش اخلاق،ملنسار،محبت کرنے والی،نہ ڈرنے والی،نہ بکنے والی اورنہ جھکنے والی شخصیتیں کم ہی ہوا کرتی ہیں اوران کا خلاء برسوں پرنہیں ہوتا۔انہوں نے کہا کہ حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی قربانیوں کو پوری قوم،مائیں،بہنیں،بزرگ،نوجوان سب خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اورمرحوم کے گھروالوں سے تعزیت کرتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام سے حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی محبت کا ثبوت یہ ہے کہ آج سوئم کے موقع پر ان کیلئے 111 قرآن مجید پڑھے گئے۔اسکے علاوہ 41 مرتبہ سورہ یاسین، 63 مرتبہ سورۃ ملک اوردولاکھ مرتبہ درودشریف اورکلمہ طیبہ پڑھا گیا۔اسکے علاوہ پنجاب کے ضلع ساہیوال میں بھی ایم کیوایم کے زیراہتمام قرآن خوانی کی گئی اورمرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے 11 قرآن مجید پڑھے گئے اورآج ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیاہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جولوگ راہ حق کی جدوجہد میں جان دیتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں شہادت کا درجہ عطا کرتا ہے،حسن مثنیٰ علوی بھی شہید ہیں۔انہوں نے کہا کہ حسن مثنیٰ علوی کی خواہش تھی کہ ان کی نماز جنازہ جناح گراؤنڈ میں ادا کی جائے جہاں وہ ایک ذمہ داراورکارکن کی حیثیت سے مصروف رہے وہیں ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی اورسلام آخرکرتا ہواان کا جنازہ نائن زیرو سے گزرا اورنائن زیرو کی فضاؤں نے انہیں سلام آخرپیش کیا اورمرحوم کوان کی وصیت کے مطابق شہداء کے قبرستان میں دفن کیا گیا۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حسن مثنیٰ علوی مرحوم کوشہادت کا درجہ عطا کرے اورانہیں جنت الفردوس میں جگہ دے۔

## رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اورسابق حق پرست رکن قومی اسمبلی حسن مثنیٰ علوی مرحوم کا فاتحہ سوئم،رابطہ کمیٹی اوردیگر کی بھرپورشرکت

کراچی۔۔۔30، جولائی2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اورسابق رکن قومی اسمبلی حسن مثنیٰ علوی مرحوم کا فاتحہ سوئم پیر کے روزمرحوم کی رہائشگاہ پر ہواجس میں مرحوم حسن مثنیٰ علوی کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورحسن مثنیٰ علوی مرحوم کوان کی تنظیمی خدمات پرزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے سوئم کے موقع پرمتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے خصوصی طور پرفون کرکے حسن مثنیٰ علوی مرحوم کواپنی جانب سے خراج عقیدت پیش کیا اورخشوع وخضوع کے ساتھ دعا کرائی۔فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار،ایم کیوایم پاکستان کے انچارج انورعالم،جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،اراکین رابطہ کمیٹی سیدشعیب بخاری،شکیل عمر،نیک محمد،شاہدلطیف،اشفاق منگی،ڈاکٹر عاصم رضا،محترمہ خورشیدافسراورآنسہ ممتازانوارکے علاوہ حق پرست،سینیٹرز،وزراء،مشیران،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،سٹی ناظم،ٹاؤن ناظمین،نائب ناظمین،یوسی ناظمین،یوسی نائب ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم کے مختلف ونگزو شعبہ،کراچی تنظیمی کمیٹی،کراچی مضافاتی کمیٹی،اندرون سندھ تنظیمی،پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی،عوامی مسائل کمیٹی،ورکرزمسائل کمیٹی،شعبہ خواتین،ایلڈرزونگ،اے پی ایم ایس او،لیبرڈویژن،میڈیکل ایڈکمیٹی،کلچرل اینڈلٹریری فورم،میڈیامینجمنٹ اینڈماس کمیونیکیشن ونگ،میڈیاکمیٹی،شعبہ اطلاعات،شہداء اسیران کمیٹی،اقلیتی امورکمیٹی،الیکشن سیل،

بورڈ کمیٹی، ایڈمن کمیٹی، اسپیچ کمیٹی اور دیگر ونگز وشعبہ جات ارکان کے علاوہ علاقائی سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان اور مرحوم حسن مثنیٰ علوی کے عزیز اقارب نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ قبل ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء مشیران اور اراکین اسمبلی نے حسن مثنیٰ علوی کے سوگوار اہل خانہ کے ہمراہ شہداء قبرستان جاکر مرحوم کی قبر پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی، انہوں نے حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## حسن مثنیٰ علوی کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم ساہیوال کی جانب سے گیارہ قرآن مجید کا ختم

ساہیوال۔۔۔30/جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پنجاب ضلع ساہیوال کے زیر اہتمام ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اور سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی گئی جس میں ایم کیوایم ساہیوال کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد عوام نے شرکت کی۔ اس موقع پر حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے گیارہ قرآن مجید کا ختم کیا گیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ دریں اثناء ایم کیوایم ساہیوال کے ذمہ داران وکارکنان نے حسن مثنیٰ علوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## فاٹا کے سابق رکن قومی اسمبلی حاجی قدر گل کی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔30/جولائی 2007ء۔۔۔فاٹا سے تعلق رکھنے والے سابق رکن قومی اسمبلی حاجی قدر گل نے اتوار کے روز ایم کیوایم کے مرکز عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ ملاقات نصف گھنٹے سے زائد عرصے تک جاری رہی جسکے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال بالخصوص صوبہ سرحد اور ملک کے دیگر حصوں میں دہشتگردی اور انتہائی پسندی کے حوالے سے پیدا ہونے والی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب اور حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم بھی موجود تھے۔ حاجی قدر گل نے کہا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی اور غریب ومتوسط طبقہ کیلئے ان کی عملی جدوجہد سے متاثر ہیں۔ انہوں نے انتہاء پسندی کے خاتمے اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے قومی مفاہمت اور اتفاق رائے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ جذبہ خیر سگالی کے تحت نائن زیرو آئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے سرحد اور آزاد کشمیر میں زلزلہ زدگان کی بھرپور امداد کی اور ثابت کر دیا کہ وہ عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے ملک کی بقاء اور سلامتی کیلئے انتہاء پسندی اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی پالیسیوں سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے حاجی قدر گل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک اعتدال پسند جمہوری جماعت ہے جو جمہوریت پر مکمل یقین رکھتی ہے اور شروع دن سے ہر قسم کی دہشت گردی اور مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ بھائی چارے اور امن پسندی کا درس دیا ہے یہی وجہ ہے کہ آج پاکستان کی تمام قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیوایم میں شامل ہیں اور ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے ملک بھر میں فروغ پا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے ملک کی سلامتی اور بقاء کیلئے عملاً کام کیا اور ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے آواز احتجاج بلند کیا جس کی پاداش میں ایم کیوایم کے خلاف سازشیں کی جاتی رہی ہیں لیکن تمام تر سازشوں اور منفی پروپیگنڈوں کے باوجود قومی سلامتی وبقاء اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن حبیب بینک لمیٹڈ کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30/جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن حبیب بینک لمیٹڈ کے کارکن مہدی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے اراکین نے بھی مہدی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے۔

## الطاف حسین کو ذرا برابر بھی ٹھیس پہنچی تو سازشی عناصر بھی نہیں بچیں گے، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی۔۔۔30رجولائی 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کرنے والے سازشی عناصر یادرکھیں کہ اگر جناب الطاف حسین کو ذرا برابر بھی ٹھیس پہنچی تو سازشی عناصر عوام کے غیض وغضب سے نہیں بچ پائیں گے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین سے عقیدت ومحبت رکھنے والوں میں اب اردو بولنے والوں کے علاوہ پختون، پنجابی، سرائیکی، بلوچی، کشمیری اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے کروڑوں عوام بھی شامل ہیں جو جناب الطاف حسین کے خلاف کسی بھی سازش پر ہرگز خاموش نہیں بیٹھیں گے۔انہوں نے کہا کہ کروڑوں عوام کے محبوب قائد کے خلاف گھناؤنی، ناپاک اور مذموم سازش کرنے والے عناصر ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ ہیں۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ اپنی اجارہ داری کو برقرار رکھنے اور ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کا راستہ روکنے کیلئے جناب الطاف حسین کو لندن میں قتل کرنے جیسے گھناؤنے منصوبے بنائے گئے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے برطانوی حکومت سے اپیل کی کہ وہ جناب الطاف حسین کی حفاظت کیلئے ٹھوس اقدامات کرے۔

## حکومت برطانیہ الطاف حسین کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کرے، ایم کیوایم برطانیہ

لندن۔۔۔30رجولائی 2007ء۔۔۔ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے لندن میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کے انکشاف پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم حق پرست کارکنان وعوام کے دلوں کی دھڑکن ہیں اور حق پرست کارکنان وعوام، جناب الطاف حسین کے خلاف کسی بھی گھناؤنی سازش کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔انہوں نے سازشی عناصر کو متنبہ کیا کہ اگر جناب الطاف حسین کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو سازشی عناصر کو دنیا میں کہیں بھی پناہ نہیں مل پائے گی اور انہیں کارکنان وعوام کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے حکومت برطانیہ سے اپیل کی کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی سلامتی اور تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے۔

## حسن مثنیٰ علوی کے انتقال پر ایم کیوایم برطانیہ، امریکہ، کینیڈا، بیلجیئم اور ساؤتھ افریقہ یونٹ کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔30رجولائی 2007ء۔۔۔ایم کیوایم برطانیہ، امریکہ، کینیڈا، بیلجیئم اور ساؤتھ افریقہ یونٹوں کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیوایم کے بزرگ رہنما اور رابطہ کمیٹی کے سابق رکن حسن مثنیٰ علوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ حسن مثنیٰ علوی کے انتقال سے ایم کیوایم کے کارکنان ایک مشفق بزرگ اور تحریکی ساتھی سے محروم ہوگئے ہیں اور دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان سوگوار لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆